PAKISTAN CRICKET BOARD
MEDIA RELEASE

خواتین امپائرز انڈکشن کورس کل سے لاہور میں شروع ہو گا

لاہور12 جنوری،2024:

چار روزہ خواتین امپائرز انڈکشن کورس 13 جنوری بروز ہفتہ سے قذافی اسٹیڈیم لاہور میں شروع ہو گا۔ پی سی بی نے اس سلسلے میں امیدواروں سے درخواستیں دسمبر 2023 میں اس معیار کے مطابق وصول کیں تھیں جس میں انٹرنیشنل کھلاڑیوں کے علاوہ درخواست دہندگان کی تعلیم کم از کم انٹرمیڈیٹ ہونا لازمی تھی جبکہ عمر کی حد 28 سے 40 سال کے درمیان رکھی گئی تھی۔

آئی سی سی کے ایلیٹ پینل آف امپائرز کے ممبر احسن رضا اور پی سی بی کے انٹرنیشنل امپائر آصف یعقوب اس کورس کے انسٹرکٹر ہوں گے۔
امیدواروں کو ابتدائی طور پر تین روزہ بنیادی ٹریننگ کورس کرنا ہو گا اور چوتھے دن تحریری ٹیسٹ، فٹنس ٹیسٹ اور انٹرویوز لیے جائیں گے۔

کامیاب امیدواروں کو اگلے ڈومیسٹک کرکٹ سیزن کے لیے پی سی بی ویمن پینل آف امپائرز میں شامل کیا جائے گا جس سے وہ ریجن/ڈسٹرکٹ اور کلب کی سطح کے میچوں میں امپائرنگ کر سکیں گی۔

Media contact:

Media and Communications Department
P: +92 (0) 42 111 227 777
E: pcb.media@pcb.com.pk

Commercial Partners

Broadcast & Live Streaming Partners

Pathway Cricket Programme

PCB Headquarters
Gaddafi Stadium, Ferozepur Road Lahore, Pakistan, PO Box 54000
Tel: +92 42 35717231-4

pcb.com.pk | /PakistanCricketBoard | /TheRealPCB | /TheRealPCB | /PakistanCricketOfficial